



# مملکت کی ترقی سے ہماری خوشحالی وابستہ ہے

## اعزازی قونصل جنرل پرتگال،
## تحریک پاکستان کے رکن و بزنس کیمونٹی کی
## ہردلعزیز شخصیت جناب احمد حسین کا خصوصی پیغام

پاک سرزمین دنیا بھر سے امن وسکون کے متلاشی لوگوں کیلئے جنت نظیر کی حیثیت رکھتی ہے اس کو خوبصورت سرزمین کو اللہ پاک نے نہ صرف اپنے قدرتی حسن سے مالا مال کیا ہے بلکہ اس سرزمین کے چپہ چپہ کو اپنی لازوال نعمتوں سے نوازا ہے اس سلسلہ میں اگر اپنے پیارے وطن میں بلندو بالا پہاڑوں پر نظر دوڑائیں تو یہ واضح ہوجائے گا دنیا بھر کے تمام بلندو بالا پہاڑ پاک سرزمین پر واقع ہیں اسی طرح اگر ہم وادیوں پر نظر دوڑائیں تو معلوم ہوجائے گا کہ قدرتی حسن سے مالا مال وادیاں صرف اور صرف پاک سرزمین پر موجود ہیں غرضیکہ اللہ پاک نے پاک سرزمین کو اس قدر خوبصورت بنایا ہے کہ اس کی دنیا بھر کسی بھی ملک سے اس کا موازنہ کرنا ممکن نہ ہے اس لئے پاک سرزمین پر رہنے والے لوگوں کو چاہیے کہ وہ اپنے اس پیارے پیارے وطن پاکستان کے ساتھ دل کی گہرائیوں کے ساتھ پیار کیا کریں اور نیک نیتی کے ساتھ اس ترقی کے لئے کام کیا کریں اور یہ بات ذہین نشین رکھیں کہ اس مملکت کی ترقی سے ہماری خوشحالی وابستہ ہے ملک میں سیاحت کی ترقی کے حوالے سے پاکستان ٹورازم پروموشن کونسل کا کردار قابل تحسین ہے جبکہ ان کی جانب سے پاکستان ٹورازم ڈائریکٹری شائع کرنے کا فیصلہ ملک میں سیاحت کی ترقی نمایاں کردار ادا کرے گا۔

جناب احمد حسین تحریک پاکستان ایک ممتاز گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں اس گھرانے نے ملک کی تعمیر و ترقی میں قابل قدر خدمات سرانجام دی ہیں جبکہ جناب احمد حسین نے بھی اپنے خاندان کی پیروی کرتے ہوئے اپنی زندگی ملک وقوم کی خدمت کیلئے وقف کررکھی ہیں۔